ماہ شعبان میں کرنے اور نہ کرنے کے کام

کرنے کے کام

1 بکثرت نفلی روزے رکھنا۔ 2 شرعی عذر کی بنا پر پچھلے رمضان کے چھوٹے روزوں کی قضا کرنا۔ 3 بخیر وعافیت رمضان پانے کی دعا کرنا۔

نہ کرنے کے کام

1 کسی بھی قسم کی بدعت وخرافات۔ 2 15 شعبان کا خصوصی روزہ۔ 3 15 شعبان کی رات خصوصی قیام اور دیگر عبادات اور جشن کا انعقاد۔ 4 15 شعبان کی رات قبروں کی زیارت۔ 5 15 شعبان کے بعد نفلی روزے رکھنے کی ابتدا۔ 6 رمضان سے 1 یا 2 دن پہلے روزہ رکھنا۔ 7 شک کے دن ﴿30 شعبان﴾ کا احتیاطی روزہ رکھنا۔

ایک نظر اِدھر بھی

1 15 شعبان سے پہلے جو شخص نفلی روزے رکھنا شروع کر دے وہ 15 شعبان کو اور اس کے بعد بھی روزہ رکھ سکتا ہے۔ 2 جو شخص روزانہ قیام اللیل کرتا ہو وہ 15 شعبان کی رات بھی قیام کر سکتا ہے۔ 3 کوئی ہر سوموار اور جمعرات کو روزے رکھتا ہے اور شک کا دن ﴿30 شعبان﴾ سوموار یا جمعرات کو پڑ جائے تو وہ شخص اپنی عادت کے مطابق اس دن کا روزہ رکھ سکتا ہے۔ 4 شک کے دن ﴿30 شعبان کو﴾ قضا روزے بھی رکھنا جائز ہے۔ 5 15 شعبان کی رات کو شب برات اور لیلہ مبارکہ ﴿مبارک رات﴾ کہنا درست نہیں ہے۔ 6 یہ عقیدہ رکھنا بھی درست نہیں ہے کہ 15 شعبان کی رات قرآن نازل ہوا اور اسی رات آئندہ سال دنیا میں واقع ہونے والے اہم اموراور لوگوں کے رزق کے فیصلے کئے جاتے ہیں۔